قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے (بخاری)

آسان

قاعدہ

مع دینیات



ترتیب

عبد الرحمن محمد عثمان العمری

مرکز ابن تیمیہ

سیونی، ایم پی مدھیہ پردیش۔انڈیا

نام کتاب : آسان قاعدہ مع دینیات

مؤلف : عبدالرحمٰن محمد عثمان عمری

کمپوزنگ : عبدالرحمٰن محمد عثمان عمری

ناشر : مرکز ابن تیمیہ۔تعلیم القرآن والسنہ، سیونی، ایم پی

سن اشاعت : رمضان المبارک 1428ھ 2007م

اشاعت اول : ۴۰۰۰ ہزار

اشاعت دوم : ۵۰۰۰ ہزار

ملنے کے پتے:

1- مرکز ابن تیمیہ۔ دوحہ۔ قطر

فون نمبر: 0974+4367482 - 5637193

2- جامع مسجد اہلحدیث ۔ وردھا۔ مہاراشٹر ۔ انڈیا

ڈاکٹر ذاکر حسین کالونی۔ فون نمبر: 07152-246077

3- مرکز ابن تیمیہ۔تعلیم القرآن والسنہ، سیونی، ایم پی - انڈیا

فون نمبر: 09301148924

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی خاتم الأنبیاء وامام المرسلین وعلی آلہ وصحبہ أجمعین ومن تبعهم باحسان الی یوم الدین اما بعد:

نئی نسل کی تعلیم وتربیت دینی فریضہ اور نبوی مشن ہے علماء وقت کی ذمہ داری ہے کہ وہ نونہالان ملت کی دینی تعلیم وتربیت کا اہتمام کریں جس طرح دینی مراکز ومدارس اور تربیت گاہوں کا قیام اہمیت کا حامل ہے اسی طرح ان میں پڑھایا جانے والا نصاب اس سے زیادہ اہمیت کا حاصل ہے جب تک نصاب تعلیم مناسب اور صحیح منہج کے مطابق نہ ہوگا اس سے صحیح نتائج وثمرات اُخذ نہیں کئے جاسکتے۔

مرکز ابن تیمیہ قطر نے اپنے قیام کے وقت ہی سے اس کی طرف توجہ دی ہے اور نونہالان ملت کے لئے دینی تعلیم کو آسان سے آسان تر کرنے اور مفید عام بنانے کی کوشش کی ہے اور با قاعدہ تین سالہ نصاب تیار کیا ہے یہ آسان قاعدہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس کو تجوید کے قواعد کی روشنی میں ترتیب دیا گیا ہے اور اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اس قاعدے کو پڑھنے کے بعد بچے کے اندر خود سے قرآن پڑھنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے اور بچہ تلاوت قرآن میں غلطی سے محفوظ رہے اور ساتھ ہی ساتھ روزمرہ کی دعائیں، عقیدہ، سیرت اور تجوید سے متعلق مختصر تعلیم سوال وجواب کی شکل میں پیش کی گئی ہے تاکہ بچہ کو اللہ تعالی اور رسول ﷺ کی سچی معرفت حاصل ہو اور صحیح ڈھنگ سے تلاوت قرآن سیکھنے کے ساتھ ہی صحیح دعائیں اور صحیح عقیدہ بھی سیکھ جائے، بدعقیدگی اور بدعات سے محفوظ رہے یہ چیز دیگر قاعدوں سے حاصل نہیں ہوسکتی ہے۔

اس قاعدہ کو محترم عبدالرحمٰن محمد عثمان عمری نے بڑی محنت سے ترتیب دی ہے اللہ تعالی انھیں اس پر جزائے خیر عطا فرمائے اور مزید توفیق عطا فرمائے، اساتذہ کرام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کتاب کو اس طریقہ کے مطابق پڑھانے کی کوشش کریں جس طرح کتاب میں رہنمائی کی گئی ہے۔

یہ کتاب ایسی ہے کہ اس سے بڑی عمر کے لوگ بھی استفادہ کر کے اپنے اندر تلاوت قرآن کی صحیح صلاحیت پیدا کر سکتے ہیں اللہ تعالی اس کتاب کو قبولیت عام عطا فرمائے اور تلاوت قرآن میں مفید بنائے۔ آمین.

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی النبی وآلہ وصحبہ وسلم

شمیم احمد خلیل السلفی
صدر مرکز ابن تیمیہ
دوحہ - قطر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید

الحمد للہ الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا والصلاۃ والسلام علی رسولہ الکریم اما بعد:

قرآن مجید اللہ تعالی کی کتاب ہے اور اس کی زبان عربی ہے جس کا سیکھنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے، عربی زبان کے حروف تہجی اور حرکات وسکنات اپنی جگہ خاص اہمیت کے حامل ہیں، اگر حرف کی ادائیگی صحیح نہ ہو تو اس کا تلفظ بدل جاتا ہے اور معنی میں تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے جو گناہ کا باعث ہے۔

والدین اور اساتذہ کی ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو ناظرہ قرآن کی تعلیم تجوید کے قواعد کے ساتھ دیں تاکہ یہ ہونہار بچے شروع ہی سے صحیح تلفظ کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کر سکیں۔

قارئین کرام! یہ "آسان قاعدہ" اپنی نوعیت کا ایک خاص افادیت کا حامل ہے، جسے معصوم بچوں کے ذہنوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے نیز مختصر انداز میں تجوید کے ہلکے پھلکے قواعد بیان کئے گئے ہیں اور اسلام کی بنیادی تعلیمات کو سوال وجواب کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جو عقیدہ، سیرت، تجوید اور روزمرہ کی دعاؤں پر مشتمل ہے جسے یاد کرانا والدین اور اساتذہ کرام کی اہم ذمہ داری ہے۔

بندہ ناتواں اپنے رب کا شکر گذار ہے جس نے اس قاعدہ کی ترتیب دینے کی توفیق بخشی اور آخر میں اپنے والدین کے لئے دست بدعا ہے "رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا" کہ انہوں نے اپنی استطاعت کے مطابق اپنی اولاد کو دینی تعلیم سے آراستہ وپیراستہ کرانے میں حتی الامکان کوشش کی، الہی! میری یہ معمولی کوشش ان کے حق میں صدقہ جاریہ ثابت ہو، نیز میرے اور اس قاعدہ سے استفادہ کرنے والوں کے لئے آخرت میں ذریعہ نجات ہو۔ آمین۔ وصلی اللہ علی النبی۔

عبدالرحمٰن محمد عثمان العمری

مرکز ابن تیمیہ۔ دوحہ۔ قطر

بسم الله الرحمن الرحيم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حُروفِ تہجّی

ج	ث ثا	ت تا	ب با	ا
ر را	ذ	د	خ خا	ح حا
ض	ص	ش	س	ز
ف فا	غ	ع	ظ ظا	ط طا
ن	م	ل	ك	ق
ے یا	ي يا	ء	و	ہ ھا

مُفرَدات

الگ الگ حرفوں کو مُفرَدات کہتے ہیں ، مُفرَد کی جمع مفردات ہے.

ا ب ت ث سے ی تک کے تمام حروف کو حروفِ تہجی کہتے ہیں اور یہ کل (۲۸) ہیں.

ا	ب	ا	ب	ب	ا	ا
ت	ب	ت	ت	ب	ت	ب
ث	ت	ب	ت	ث	ث	ت
ث	ج	ت	ج	ج	ب	ج
ح	ج	ب	ح	ث	ج	ح
خ	ج	خ	ب	خ	ح	خ
ا	ت	ب	ث	ج	ح	خ
خ	ذ	د	ذ	د	ج	د
ر	د	ز	ر	ذ	د	ر
خ	ح	ج	ث	ت	ب	ا

ر	ز	س	ز	ر	س	ذ
س	ش	س	ث	ذ	خ	ج
ش	س	ذ	ش	ر	ز	ش
ص	ش	س	ص	د	ذ	ص
ض	ص	ض	س	ش	ض	ص
ط	س	ص	ش	ط	ض	ط
ظ	ط	ظ	ض	ز	ذ	ظ
ع	س	ش	ع	ص	ظ	ط
غ	ع	غ	ض	ط	غ	ض
د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	غ
ف	ق	غ	ق	ف	ق	ش

ق	ف	غ	خ	ف	ق	ف
ك	ق	ك	ق	ك	غ	ك
ل	م	ق	ك	ل	م	ل
م	ن	ل	ف	ق	ش	ن
ن	ك	ل	م	ل	م	ن
و	م	ن	و	ن	و	م
ه	و	م	ه	ف	م	ه
و	ك	ل	ق	ن	و	ه
ء	و	ه	ل	ء	ن	ء
ي	ء	و	ء	و	م	ي
ط	ص	ض	ظ	ع	غ	ف
ق	ك	ل	م	ن	و	ي

بے ترتیب حُروفِ تہجّی

م	ن	ه	و	ء	ي
ع	غ	ف	ق	ك	ل
س	ش	ص	ض	ط	ظ
ح	خ	د	ذ	ر	ز
	ا	ب	ت	ث	ج

ترتیب کے ساتھ حُروفِ تہجّی

ح	ج	ث	ت	ب	ا
س	ز	ر	ذ	د	خ
ع	ظ	ط	ض	ص	ش
م	ل	ك	ق	ف	غ
	ي	ء	و	ه	ن

آدھے حرفوں کی پہچان

ج	جب	جج	جد	جر	جس
جص	جط	جل	جم	جن	جي
خ	خت	خذ	ح	حض	حي
س	سل	سص	ش	شت	شط
ص	صل	صا	ض	ضن	ضل
ط	طو	طب	ظ	ظن	ظي
ع	عو	عع	غ	غش	غغ
ف	فا	فق	ق	قر	قط
ك	كا	لك	ل	لا	لع
م	مل	مي	ن	نم	نق
ه	هم	ها	له	يه	هه

ن اور ب کی مشق

نخ	بج	بد	ند	بم	نم	بو	نو
نا	با	نب	بب	بي	ني	بر	نر

ت اور ي کی مشق

يث	تث	يذ	تد	تر	ير	يه	ته
تت	يت	يل	تل	تز	يز	يي	تي

بنبتنبتثنيتيثبنثيئثيتئيز

ف اور ق کی مشق

قع	فم	قم	فغ	غف	فق	قف	قع

فعقغقفعقغبفقعتقثكفئعغ

ل اور ا کی مشق


مل	للا	لله	لكل	لكا	لنا	لتا	لبا

حرکت

زبر ـَـ زیر ـِـ پیش ـُـ کو حرکت کہتے ہیں۔

عربی میں زبر ـَـ کو فتحہ، زیر ـِـ کو کَسرہ اور پیش ـُـ کو ضَمّہ کہتے ہیں۔

حرکت کی مقدار ایک انگلی کھولنے یا بند کرنے کے برابر ہے۔



زبر (فتحہ) ـَـ

زبر ـَـ کو ادا کرتے وقت تھوڑا سا منہ کھلتا ہے۔ جیسے: بَ

نوٹ: ب زبر بَ نہ پڑھیں بلکہ حرف اور حرکت کا نام لیے بغیر پڑھیں۔

بَ	تَ	ثَ	جَ	حَ	خَ	دَ
ذَ	رَ	زَ	سَ	شَ	صَ	ضَ
طَ	ظَ	عَ	غَ	فَ	قَ	كَ
لَ	مَ	نَ	هَ	وَ	ءَ	اَ
						يَ

زیر کسرہ ـــِ

زیر ـِ کو ادا کرتے وقت آواز نیچے کی طرف جاتی ہے: جیسے: بِ

نوٹ: ب زیر بِ نہ پڑھیں بلکہ حرف اور حرکت کا نام لیے بغیر پڑھیں۔

بِ	تِ	ثِ	جِ	حِ	خِ	دِ
ذِ	رِ	زِ	سِ	شِ	صِ	ضِ
طِ	ظِ	عِ	غِ	فِ	قِ	كِ
لِ	مِ	نِ	هِ	وِ	اِ ءِ	يِ

پیش (ضمّہ) ـــُ

پیش ـُ کو ادا کرتے وقت ہونٹ گول بنتے ہیں جیسے: بُ

نوٹ: ب پیش بُ نہ پڑھیں بلکہ حرف اور حرکت کا نام لیے بغیر پڑھیں۔

بُ	تُ	ثُ	جُ	حُ	خُ	دُ
ذُ	رُ	زُ	سُ	شُ	صُ	ضُ
طُ	ظُ	عُ	غُ	فُ	قُ	كُ
لُ	مُ	نُ	هُ	وُ	اُ ءُ	يُ

زبر زیر اور پیش کی مخلوط مشق

بَ	بِ	بُ	بِ	بُ	بَ	تِ	تُ
تَ	تُ	تَ	تِ	ثَ	ثِ	ثُ	ثِ
ثُ	ثَ	جِ	جَ	جُ	جَ	جِ	جُ
حِ	حَ	حُ	حَ	حُ	حِ	خَ	خِ
خُ	خِ	خُ	خَ	دِ	دُ	دَ	دُ
دِ	دَ	ذُ	ذِ	ذَ	ذَ	ذِ	ذُ
رَ	رُ	رِ	رُ	رِ	رَ	زِ	زُ
زَ	زِ	زَ	زُ	سَ	سِ	سُ	سِ
سُ	سَ	شِ	شُ	شَ	شُ	شِ	شَ
صِ	صُ	صَ	صُ	صَ	صِ	ضَ	ضِ

طِ	طَ	طِ	طُ	ضِ	ضُ	ضَ	ضُ
ظِ	ظُ	ظَ	ظُ	ظَ	ظِ	طَ	طُ
غِ	غُ	عَ	عِ	عُ	عِ	عُ	عَ
فَ	فِ	فَ	فُ	غَ	غُ	غِ	غَ
قَ	قِ	قُ	قَ	قُ	قِ	فُ	فِ
لِ	لَ	كِ	كُ	كَ	كَ	كُ	كِ
مُ	مَ	مُ	مِ	لَ	لُ	لِ	لُ
نَ	نِ	نُ	نَ	نُ	نِ	مِ	مَ
وَ	وُ	هُ	هَ	هِ	هَ	هِ	هُ
ءُ	ءِ	ءُ	ءَ	وِ	وُ	وَ	وِ
يِ	يَ	يُ	يِ	يُ	يَ	ءَ	ءِ
إِ	أَ	اَ	اُ	اِ	اُ	اِ	اَ

دو۲ حرفی مرکب الفاظ

زبر زیر اور پیش کے ساتھ

بِهِ	بَهَ	بُهُ	بَهُ	بِهَ	بُهِ	بَةُ	بُةِ
تَزُ	تُزِ	تِزَ	ثَحُ	ثُخِ	ثِجَ	هَطَ	هِطُ
هِطُ	خَةُ	خِةُ	خَةِ	مَدَ	مُدِ	مِدُ	لَدُ
لِدُ	لُدِ	يَظَ	يُظِ	يِظُ	جَبَ	بِكُ	لَذُ
عَمَ	فُعِ	كَتُ	ثُلِ	سِدَ	ضَدِ	جُمِ	جُعِ
بَقُ	تِيَ	ثِيَ	ثَا	نِيَ	بِيَ	كَفَ	سَةُ
تُرِ	جَاُ	فُوَ	مَنَ	لَهُ	اَهَ	خِتُ	اَخَ
لِلَ	صُنَ	دُذِ	تِاَ	ظُاِ	لَاُ	لِاَ	لِاُ
كَاَ	كُبِ	كِمُ	كُلِ	كَضِ	كِنَ	يَكُ	فِيَ
غُصَ	هُوَ	هِمُ	لَخُ	لِعَ	بَلِ	بِكُ	مُغِ

سہ۳ حرفی مُرکَّب الفاظ


زیر زبر اور پیش کے ساتھ

إِبِلَ	بَرِقَ	سَلِمَ	مَئِذَ	فُعِلَ	مَعَكَ
كَتَبَ	ثُلُثُ	سُدُسُ	نَسِيَ	مَعِيَ	فَهُوَ
نَبَأَ	تَذَرُ	نُزِلَ	يَهَبُ	تَجِدُ	خُلِقَ
عَبَسَ	وَهَبَ	بَطَلَ	طَلَبَ	رَحِمَ	ذَكَرَ
سُطِحَ	كَشَفَ	نُفِخَ	حُرِمَ	حَمِدَ	وَعَدَ
شَفَقَ	مَلَأَ	مَرِضَ	وَلِدَ	لَبِثَ	خَشِيَ
فِئَةَ	قُتِلَ	بَلَغَ	مُنِعَ	جَعَلَ	أَخَذَ
كَفَرَ	صُحُفُ	حَفِظَ	سَمِعَ	حَسُنَ	حَسَدَ
حَبِطَ	عَدَلَ	رُفِعَ	هَرَبَ	هُدِيَ	إِرَمَ
قَلَمِ	عَلِمَ	سَجَدَ	عُمُرُ	رُسُلُ	خَلَقَ

تنوین

ڈو زبر ـً ڈو زیر ـٍ ڈو پیش ـٌ کو "تنوین" کہتے ہیں۔

تنوین کی ادائیگی کے وقت نون ساکن (نْ) کی آواز آتی ہے۔ جیسے بً = بَنْ بٍ - بِنْ بٌ - بُنْ



بِنْ	بٍ	دُنْ	دٌ	رَنْ	رًا
بَ	بًا	بِ	ب	بُ	بٌ
مُ	مٌ	م	ما	مِ	مٍ

بًا	بٌ	بٍ	تٍ	ثٌ	تًا	قٌ	قًا
قٍ	رًا	رٌ	رٍ	سٌ	شٍ	صًا	ضٌ
فًا	قٍ	كًا	دٌ	ئًا	نٍ	لًا	يٌ
مٍ	نًا	ءٌ	ةٌ	ةً	ءٍ	دًا	كٌ

تنوین کی مشق

إِذًا	بَشَرٌ	عِنَبًا	مَسَدٍ	هُمَزَةٍ
سُرُرٍ	قَسَمٌ	أَحَدٌ	هُدًى	طَبَقًا
رَقَبَةٍ	ذَكَرٍ	ثُلُثٌ	أُفُقٍ	عَضُدٌ
أُذُنٌ	شَجَرَةٍ	طُوًى	عَمَدٍ	وَسَطًا
لُمَزَةٍ	عَلَقٍ	نَخِرَةً	سَبَبٍ	خُلُقٍ
لَهَبٍ	غَضَبٌ	نُسُكٍ	عِنَبٌ	بِيعٌ
مَرَضٌ	أَذًى	خَشَبٌ	يَدًا	عَمًى
حَسَنَةٌ	وَجِلَةٌ	عَصًا	بَرَرَةٍ	رُسُلٌ
ضُحًى	كُفُوًا	كُتُبٌ	صُحُفًا	وَلَدٌ

حرفِ مد

مد کے معنی "کھینچنے" کے ہیں۔

حروف مد تین۳ ہیں: ا ، و ، ي ۔ زبر کے بعد "الف" زیر کے بعد "ی" اور پیش کے بعد "و" ہو تو مد اصلی ہوگا۔

مد اصلی کی مقدار ایک الف یعنی دو۲ حرکت کے برابر ہے۔

بَ	بَا	تَا	سَا	جَا	صَا
دُ	دُوْ	كُوْ	سُوْ	ضُوْ	مُوْ
فِ	فِيْ	وِيْ	ذِيْ	خِيْ	ثِيْ
كَا	تِيْ	قُوْ	رِيْ	يَا	لَا
دِيْ	هَا	لُوْ	غِيْ	حُوْ	فَا



أَبَا	قَالَ	أَلَا	زَادَ	كَمَا
نُوْحُ	دُوْنَ	كَانَ	قِيْلَ	نُوْحِيْ
يُوْسُفَ	أَخَافُ	نُرِيْدُ	جَاهَدَ	نُوْدِيْ
تَابَ	أَخِيْ	أَعُوْذُ	يَقُوْلُ	يَطِيْرُ

کھڑا زبر، کھڑا زیر اور الٹا پیش

کھڑا زبر ـٰـ کھڑا زبر کے پڑھنے کی مقدار دو۲ حرکت کے برابر ہے۔

بٰا	بٰ	تٰ	هٰ	عٰ	قٰ	وٰ	يٰ
دٰا	دٰ	مٰ	نٰ	سٰ	غٰ	طٰ	جٰ

اٰدَمَ	اٰمَنَ	مٰلِكِ	مٰارِبُ	كِتٰبُ	ذٰلِكَ
قٰتَلَ	بَلٰى	هُدٰى	عَصٰى	عَلٰى	هٰذَا

کھڑا زیر ـٖـ

کھڑا زیر ـٖـ کھڑا زیر کے پڑھنے کی مقدار دو۲ حرکت کے برابر ہے۔

اِيٖ	اٖ	هِيٖ	هٖ	يِيٖ	يٖ

بِهٖ	فِيْهِ	دُوْنِهٖ	الفٖ	هٰذِهٖ	نُوْرِهٖ
رَسُوْلِهٖ	سُوْقِهٖ	وَقِيْلِهٖ	جُنُوْدِهٖ	بِكِتٰبِهٖ	

الٹا پیش

| الٹا پیش ـٗ | اُلٹا پیش پڑھنے کی مقدار ڈیڑھ حرکت کے برابر ہے۔ |

هُوٗ	هٗ

وُوٗ	وٗ

ءُوٗ	ءٗ

لَهٗ	دَاوٗدَ	مَعَهٗ	نَبَاتُهٗ	إِيمَانُهٗ
كَلِمَتُهٗ	مَاوٗرِيَ	جُنُوْدُهٗ	اٰيَاتُهٗ	مَوَازِيْنُهٗ

مشق

كَلِمٰتِ	رَسُوْلِهٖ	وَقِلِهٖ	غَاوٗنَ	بِاٰيٰتِهٖ
قَرِيْنُهٗ	شِمَالِهٖ	مَعَاذِيْرَهٗ	سَمٰوٰتِ	رِسٰلٰتِ
عِبَادِهٖ	رٰعُوْنَ	خَلْقَهٗ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ

عربی مصحف میں کھڑا زبر، کھڑا زیر اور الٹا پیش کی پہچان یہ ہے کہ زبر کے بعد چھوٹا ''الف''

زیر کے بعد چھوٹی ''یا'' اور پیش کے بعد چھوٹا ''واؤ'' لکھا جاتا ہے۔

بَ ا	بِ ے	بُ و	يَ ا	يِ ے	يُ و	هَ ا	هِ ے	هُ و

حُروفِ لین

لین کے معنیٰ "نرمی" کے ہیں۔ حروف لین دو ۲ ہیں "وْ" اور "يْ"

اگر واو سے پہلے زبر ہو تو اس واو کو "واو لین" کہتے ہیں اور "یا" سے پہلے زبر ہو تو اس یاء کو "یائے لین" کہتے ہیں۔

أَوْ	بَوْ	تَوْ	أَيْ	بَيْ	تَيْ
خَيْ	هَيْ	ذَوْ	ذَيْ	رَوْ	زَيْ
لَوْ	قَيْ	لَيْ	وَوْ	جَوْ	جَيْ
يَوْ	عَوْ	هَوْ	غَيْ	مَوْ	كَوْ

حُروفِ لین کی مشق

سَوْفَ	حَوْلَ	أَيْنَ	فَوْزُ	بَيْنَ
كَيْفَ	كَوْثَرُ	ضَيْفِ	قَوْلُ	رَيْبَ
حَيْرَانَ	أَتَوْا	بَيْتُ	لَوْحٍ	هَيْهَاتَ
نَوْمٌ	وَيْلٌ	لَيْلًا	طَيْرًا	عَصَوْا

جَزْم

جزم کو سُکُون کہتے ہیں، جس حرف پر جزم ہوتا ہے اس حرف کو سَاکِنْ کہتے ہیں۔
جزم کی نشانی یہ ـْ ہے۔ زبر، زیر، پیش، کے ساتھ جزم کو ملا کر پڑھیں۔ جیسے: اَبْ
اَلِفْ بَا زَبَر اَبْ نہ پڑھیں۔

أَ	أَبْ	لَبْ	سَبْ	شَبْ	خَبْ
طَبْ	طَمْ	لَمْ	سَمْ	شَمْ	قَدْ
حَدْ	جَدْ	كَرْ	فَجْ	مَجْ	گَلْ
تَلْ	بَرْ	نَرْ	حَتْ	هَشْ	شَحْ
نَعْ	ظَعْ	ظَكْ	دَزْ	حَجْ	هَشْ
خَذْ	تَصْ	تَضْ	فَغْ	دَعْ	وَرْ
ئَبْ	ئَرْ	قَطْ	زَدْ	ئَمْ	أَزْ
سَكْ	سَهْ	حَخْ	ثَمْ	سَقْ	نَلْ
مَتْ	مَطْ	تَثْ	رَزْ	تَظْ	رَشْ

زبر، زیر اور پیش کے ساتھ جزم کی مشق

أَبْ	إِبْ	أُبْ	جَبْ	جِبْ	جُبْ
سَبْ	سِبْ	سُبْ	مُدْ	مَدْ	مِدْ
حُدْ	حَدْ	حِدْ	قِمْ	قُمْ	قَمْ
هُمْ	هَجْ	كُنْ	طِعْ	سُجْ	فَخْ
أَشْ	وِثْ	دُسْ	أُمْ	ئَدْ	ئُدْ
بَلْ	بُلْ	بَمْ	يَزْ	يُزْ	يِزْ
يِهْ	وُهْ	رَجْ	وَنْ	فِشْ	فَقْ
قِفْ	هِمْ	أَنْ	سُبْ	هُدْ	عَدْ
سَجْ	خِسْ	حُبْ	خُذْ	مَهْ	طِبْ
مَنْ	فُرْ	فِدْ	سُنْ	سِنْ	سَدْ

زیر، زبر پیش اور جزم کی مخلوط مشق

مَدَ	مَدْ	بِنْ	بِنِ	تُمْ	تُمُ
وُهُ	وَهْ	يِهْ	يِهِ	جِلِ	جِلُ
لَتُ	لَتَ	سُبْ	سُبُ	لِمَ	حُدْ
فُغِ	كُلْ	ئَنْ	مُمْ	لَأُ	لَأَ
شَبْ	مِنْ	بِلْ	لَر	قَدْ	حُسْ

لَقَدْ	قَلَمُ	كَرَمْ	عَجَبُ	فَقَدْ
حَسَدَ	كُنْتُ	لَسْتُ	فَصْلٌ	عَبْدًا
بَعْدُ	نَفْسٍ	مِصْرَ	أَمْرًا	عَدْنٍ
خُسْرٍ	أُقْسِمُ	بَطْشَ	غُلْبًا	شَهْرٍ
كَدْحًا	أَرْضِ	تَخَفْ	لَهُمْ	عِجَلَ

خَتَمَ	زَجْرَةٌ	مِرْصَادِ	فَتَحَ	زَكٰوةً
عِبْرَةٌ	دَمْدَمَ	خَرَجْنَ	جَعَلْتُ	اَنْتُمْ
أُسْكُنْ	أَنْزَلَ	يُرْسِلَ	سَمِعْتُ	مَعَكُمْ
مِنْهُمْ	فَعَلْنَ	فَرَغْتَ	نَجْعَلُ	يَضْرِبُ
خَلَقْنَا	يَحْسَبُ	نَشْرَحْ	حَرْثَ	أَكْرَمَ

اَلْحَمْدُ	أَنْعَمْتَ	سَمْعِهِمْ	عَلِمَتْ
فَأَخْرَجَ	لِتَفْتَرِيَ	ظَلَمْتُمْ	أَنْزَلْنَا
مَسْغَبَةٍ	يَضْرِبْنَ	تَذْكِرَةٌ	تَقْهَرْ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ	قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ
إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ	يَغْفِرْ لَكُمْ

همزه

جس ہمزہ (ءْ) پر جزم ہو اسے تھوڑے جھٹکے کے ساتھ پڑھیں گے۔

اَءْ	بَأْ	تَأْ	بَا	ثَأْ	مَأْ	وَا	وَأْ
بِءْ	تُءْ	جِءْ	رُؤْ	جَا	فَأْ	جَا	يَأْ

يَأْتِيهِ	يَأْذَنُ	قَرَأْتَ	جِئْنَا	وَأْمُرْ	بِئْسَ

تَأْتُونِيْ	تَأْوِيلُ	يَأْمُرُ	رُءْيَاكَ	يَأْفِكُونَ
شَأْنٍ	كَأْسًا	رَأْسِهٖ	مُؤْصَدَةٍ	مَأْكُولٍ

كَأْسًا دِهَاقًا	فَذَرُوهَا تَأْكُلْ	مَالَمْ يَأْذَنْ
اِقْرَأْ بِاسْمِ	فَيَأْخُذَكُمْ	يَوْمَ يَأْتِيهِمْ

لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَأْسِيْ	يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ

جس ''وٗ'' اور ''یٗ'' پر کھڑا زبر ہے وہ حقیقت میں الف ہے۔اس لئے ''واؤ'' اور ''یا'' کو نہیں پڑھیں گے۔

إِلىٰ	عَلىٰ	بَلىٰ	مَتىٰ	هُدىٰ
مُوسىٰ	فَنَادىٰ	فَأَغْنىٰ	صَلوٰةٌ	زَكوٰةٌ

عَلىٰ حَيوٰةٍ	وَالَيْشْقىٰ	وَلَنْ تَرْضىٰ

وَسَعىٰ فِيْ خَرَابِهَا	أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوىٰ

جزم ہمیشہ زبر زیر پیش کے ساتھ پڑھا جاتا ہے لہٰذا حرکت اور جزم کے درمیان جو بھی حرف ہو اسے نہیں پڑھیں گے۔

فَاذْ	فَالْ	ذُوالْ	شَايْ	جَايْ

فَادْعُ لَنَا	فَالْئٰنَ	ذُوالْفَضْلِ	لِشَايْءٍ
وَالْفُؤَادَ	بِالْاٰخِرَةِ	يَايْئَسُ	فَانْفَجَرَتْ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِىْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ

شد / تشدید ـــّـ

جس حرف پر شَد یا تَشْدِید ہوتی ہے اسے دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: اَبَّ

ـَ	ـِ	ـُ	ـً	ـ	ـٌ	ـُ	ـّ	ـُ
ـّ	ـُ	ـٍ	ـّ	ـٌّ	ـً	ـّ	ـٍ	ـّ

اَبْ بَ = اَبَّ	جَبْ بَ = جَبَّ	سَبْ بَ = سَبَّ

اَبَّ	جَبَّ	دَبِّ	سَبَّ	شَبَّ	مَدَّ	هَمَّ	فَرَّ
اَبَّ	اَبُّ	اُبِّ	جَبُّ	جُبَّ	جُبِّ	دَبِّ	دُبَّ
رِبُّ	سَبَّ	سِبُّ	سُبِّ	حَقَّ	حُقَّ	حُقِّ	اَلَّ

سَبَّحَ	عَلَّمَ	رَبُّكَ	صَدَّقَ	فَصَّلَ	يُحِبُّ
هَلُمَّ	جَنَّةٌ	لِكُلِّ	ذِلَّةٌ	غُصَّةٍ	فِضَّةٍ
كَأَنَّ	كَذَّبَ	حُصِّلَ	قَدَّمَ	يَظُنُّ	يَحُضُّ
نَعَّمَ	يَجُرُّ	لَعَلَّ	عَدَّدَ	يُضِلُّ	كَرَّةٌ

واو مُشَدَّد اور یائے مشدد کی مشق

أَوَّ	بَوَّ	تَوَّ	سَوَّ	خَوَّ	دَوَّ	قَوَّ	رَوَّ
أَيَّ	رَيَّ	زَيَّ	طَيَّ	غَيَّ	هَيَّ	قَيَّ	بَيَّ

أَوَّلَ	سَوَّلَ	ثُوِّبَ	قُوَّةُ	سُيِّرَ	زَيَّنَ
لَدَيَّ	أَيُّوبَ	أَيُّهَا	ثَيِّبٰتٍ	كُوِّرَتْ	زُوِّجَتْ

مُبَيِّنٰتٍ	مِنْ قُوَّةٍ	نُسَوِّيَ	سَيِّاٰتِهٖ	يُزَوِّجُهُمْ

مشدد حرف پر تنوین کی مشق

مثال-: صِرٌّ = صِرْرٌ

صِرٌّ	صِرٌّ	حَظٍّ	ظِلٌّ	ظِلٍّ	رَبٌّ	حَيٌّ	كُلٌّ

حُبًّا	صَفًّا	قَوِيٌّ	مَرْجُوًّا	مُكِبًّا
سَوِيًّا	عُتُلٍّ	شَقًّا	مَدًّا	صُمٌّ

تشدید والے حرف کے بعد حرفِ ساکن

فَعْ + عَالٌ = فَعَّالٌ

فَعَّا	رَبَّا	جَبَّا	رَزَّا	خَوَّا	اَيَّا	لَمَّا

فَعَّالٌ	مِمَّا	كَلَّا	خَوَّانٍ	قَهَّارٌ
سَتَّارٌ	جَبَّارٌ	رَزَّاقٌ	كِذَّابًا	لَوَّاحَةٌ

يُحِبْ + بُوْ + نَهٗ = يُحِبُّوْنَهٗ

حِبُّوْ	مُتُّوْ	وَلَّوْ	بِيُّوْ	نِيُّوْ	أَيُّوْ	لَوَّوْ

يُحِبُّوْنَهٗ	عِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ	يَتَوَلَّوْنَ	نَبِيُّوْنَ
أَيُّوْبَ	رَبَّانِيُّوْنَ	يَظُنُّوْنَ	حُلُّوْا

صَلِّيْ	مِدِّيْ	مَشَّيْ	قَفَّيْ	حُيِّيْ	رَبِّيْ	زَكِّيْ

مِنَ الْمُصَلِّيْنَ	يَوْمِ الدِّيْنِ	مُنْفَكِّيْنَ	قَفَّيْنَا
فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ	يُزَكِّيْكُمْ	وَإِذَا حُيِّيْتُمْ	

تشدید والے حرف کے بعد جزم والا حرف

تَبْ + بَتْ = تَبَّتْ

تَبَّتْ	مُدَّتْ	خَفَّتْ	حُقَّتْ	تَخَلَّتْ
عَلَّمْ	رَشَّمْ	مَسَّتْ	كِنَّلْ	فِدُّنْ

عَلَّمْتَنَا	سَخَّرَ الشَّمْسَ	مَسَّتْهُمُ	وَلٰكِنَّ الْبِرَّ	
فِى الدُّنْيَا	وَالنَّسْلَ	عُلِّمْنَا	فَسَبِّحْ	أَخَّرْتَنِىْ
صَرَّفْنَا	نَبِّئْهُمْ	لِلسَّلْمِ	مِمَّنْ	وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ

ایک ساتھ دو حرف مشدد

نَصْ + صَدْ + دَ = نَصَّدَّ

نَصَّدَّ	وَدُّلَّ	يَذَّكَّ	نَسِّيَّ	صُدَّنَّ	ذُرِّيُّ

لَنَصَّدَّقَنَّ	يَوَدُّ الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ	يَذَّكَّرُوْنَ
يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ	يَصُدَّنَّكَ	يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ	ذُرِّيَّةٌ

دوسرے حرف مشدد پر کھڑا زبر کھڑا زیر

إِنْ + نَلْ + لٰ = إِنَّلّٰ ، أُمْ + مِيْ + يٖ = أُمِّيّٖ

اِنَّ لّٰ	أُمِّيّٖ	وَقَصّٰ	إِلَّ لّٰ	كَنَّ ظّٰ

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ	يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ
فِى الْأُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ	يَزَّكّٰى

دوسرے حرف مشدد کے بعد جزم والا حرف

لُطْ + طَيْ + يَرْ = لُطَّيَّرْ ، تَزْ + زَقْ + قُوْ = تَزَقُّوْ

لُطَّيَّرْ	تَزَقُّوْ	حِلِّصَّيْ	وَرَّزَّا	وَلُنَّلْ

قَالُوا اطَّيَّرْنَا	شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ	مُحِلِّى الصَّيْدِ
هُوَ الرَّزَّاقُ	لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ	إِنَّ السَّمْعَ	أُمِّيُّوْنَ
بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ	وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ	أَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

ادغام

تنوین یعنی (دوزبر، دوزیر، دوپیش) کے بعد (ی، و، م، ن) پر شد ہو تو تنوین کو غنہ کے ساتھ پڑھیں گے، "غنہ" ناک میں آواز لے جانے کو کہتے ہیں۔

رً يَّ	تٌ وَّ	مٍ مَّ	تاً يَّ	ءٍ نُّ

مِيقَاتًا يَّوْمَ	شَيْءٍ نُّكُرٍ	ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى
رَعْدٌ وَّبَرْقٌ	خَيْرًا يَّرَهُ	نُوْرًا نَّهْدِيْ
قَوْمٍ مَّنْ	رَيْبٍ مِّمَّا	جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ

تنوین یا نون ساکن "نْ" کے بعد "ر" یا "ل" پر شد ہو تو تنوین اور نون ساکن کو بغیر غنہ کے ادا کریں گے۔

ذًى لَّ	رٌ رَّ	ماً لاَّ	مِنْ لَّ	مِنْ رَّ

أَذًى لَّهُمْ	ثَمَرَةٍ رِّزْقًا	اٰيَةً لِّلنَّاسِ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ	جَزَآءً لِّمَنْ	يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ
أَخْذَةً رَّابِيَةً	مِنْ لَّدُنَّا	مِنْ رَّبِّكَ

اقسامِ ادغام

شد ہمیشہ حرکت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ حرکت اور شد کے درمیان اگر کوئی حرف ساکن ہو تو اسے نہیں پڑھیں گے۔

فَرَّطْتُّ	إِذْ ذَّهَبَ	أَحَطْتُّ
إِنْ مِّنْكُمْ	صَدَدْتُّمْ	قُلْ رَّبِّ
قَالَتْ طَّآئِفَةٌ	اِرْكَبْ مَّعَنَا	كُنْتُمْ مَّرْضٰى
تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ	أَنْ لَّوْ كَانُوْا	أَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ
بَلْ رَّبُّكُمْ	يُدْرِكْكُّمُ	وَمَاهُمْ مِّنْكُمْ
أَنْ لَّنْ يَّرَهٗ	مَهَدْتُّ	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ
قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ	اِذْهَبْ بِّكِتَابِيْ	أُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا

اَكْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا

ایک ساتھ تین حرف مشدد

مَسْ + سَنْ + نَلْ + لَ = لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

زَيْ + يَنْ + نَسْ + سَ = وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

دُرْ + دُرِّ + دُرِّيْ + دُرِّيٌّ + دُرِّيٌّ يُّوْ

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ

رِلْ + رِلُّجْ + رِلُّجِّ + رِلُّجِّيْ + رِلُّجِّيِّ يَّغْ

فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ

كُمْ مِّنْ مَّآءٍ = نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ

وَقُلْ رَّبِّ أَعُوْذُبِكَ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ

وَعَلٰى أُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ	رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

اقلاب

نون ساکن یا تنوین کے بعد حرف "ب" آئے تو نون ساکن اور تنوین کو "م" سے بدل کر پڑھیں گے۔
نون ساکن اور تنوین کو "م" سے بدل کر پڑھنے کو "اقلاب" یا "قلب" کہتے ہیں۔

ذَنْۢبٍ	تُنْۢبِتُ	عَلِيْمٌۢ بِمَا	يَنْۢبُوْعًا
زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ	مِنْۢ بَعْدُ	مِنْۢ بَقْلِهَا	رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ
اَمَدًۢا بَعِيْدًا	سُنْۢبُلٰتٍ	فَانْۢبَجَسَتْ	بَصِيْرٌۢ بِمَا

نُونِ قُطنی

قرآن مجید میں بعض جگہ دو لفظوں کے بیچ میں چھوٹا سا "نون" لکھا ہوا ہوتا ہے۔ اس نون کو "نون قطنی" کہتے ہیں
نون قطنی کو زیر لگا کر اگلے ساکن حرف سے ملا کر پڑھتے ہیں۔

يَوْمَئِذِ ۨالْحَقُّ	نُوْحُ ۨابْنَهٗ	قَوْمَا ۨاللّٰهُ
يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ	شَيْئًا ۨاتَّخَذَ	خَيْرَ ۨالْوَصِيَّةُ
عَادُ ۨالْمُرْسَلِيْنَ	فَخُوْرَ ۨالَّذِيْنَ	فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰى

مد کے اقسام

مد کی دو قسمیں ہیں (۱) مد اصلی (۲) مد فرعی

مد اصلی: زبر کے بعد "الف" زیر کے بعد "ی" اور پیش کے بعد "و" ہو تو مد اصلی ہوگا۔

کھڑا زبر ـٰ کھڑا زیر ـٖ اور الٹا پیش ـٗ بھی مد اصلی ہے، مد اصلی کی مقدار دو حرکت کے برابر ہے۔

حرکت کی مقدار معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بند انگلی کو درمیانی رفتار سے کھولا جائے یا بند کیا جائے۔

قَالَ	كَانَا	لَهَا	كَمَا	بِهَا
ذِكْرِيْ	لِسَانِيْ	صَدْرِيْ	نَفْسِيْ	رُوْحِيْ
دُوْنَ	رُوْحَ	طُوْرِ	نُوْرٌ	رَسُوْلٌ

مد فرعی: حرف کے مد کے بعد ہمزہ "ء" یا "سکون" آئے تو مد فرعی ہوگا۔

(۱) مد متصل: حرف مد اور ہمزہ ایک کلمہ میں ہو تو مد متصل ہوگا۔ مد متصل کی مقدار ۴ یا ۵ حرکت ہے۔

جَآءَ	عَطَآءَ	وَرَآءَ	تَشَآءُ	شَآءَ
سِيْٓـَٔتْ	بَرِيْٓءٌ	وَجِايْٓءَ	لِيَسُوْٓءٗا	اُولٰٓئِكَ

(۲) مد منفصل: حرف مد ایک کلمہ میں اور ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مد منفصل ہوگا۔

مد منفصل کی مقدار ۴ یا ۵ حرکت ہے۔

لَآ اُقْسِمُ	لَآ اَعْبُدُ	فِيْٓ اٰيَاتِنَا	اَطِيْعُوْٓا	اَمْرِيْ

(۳) **مد لازم** : حرف مد کے بعد سکون آئے تو مد لازم ہو گا بشرطیکہ سکون وقف کی وجہ سے نہ ہوا ہو۔
مد لازم کی **مقدار** ۶ حرکت ہے۔

ءَآذَّ	صَآخَّ	هَآمَّ	وَآبِّ	ضَآرَّ

آلْئٰنَ	اَلْحَآقَّةُ	اَلطَّآمَّةُ	لَاتُضَآرَّ	حَآجَّ
ضَآلًّا	جَآنٌّ	كَآفَّةً	فَلَآرَآدَّ	دَآبَّةٍ
صَوَآفَّ	خَآصَّةً	حَآفِّيْنَ	ظَآنِّيْنَ	شَآقُّوْا

قُلْ ءَآلذَّكَرَيْنِ	تَتَّبِعٰٓنِّ	مُدْهَآمَّتٰنِ	شَرَّالدَّوَآبِّ
غَيْرَ مُضَآرٍّ	حَآدَّاللّٰهَ	تَأْمُرُوْٓنِّيْ	لَضَآلُّوْنَ

وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ	قَالَ أَتُحَآجُّوْٓنِّيْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ	جَآءَتِ الصَّآخَّةُ
فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى	صَفّٰتٍ

حُروفِ مقطّعَات

بعض سورتوں کے شروع میں کچھ حروف آئے ہوئے ہیں ان حروف کو "حروفِ مقطعات" کہتے ہیں۔
مقطعات کے معنی "کاٹ کر الگ کیے ہوئے" کے ہیں۔ مقطعات، مقطعۃ کی جمع ہے۔
تین حرفی کلمات میں چھ حرکت کے برابر مد کریں گے۔

نٓ	قٓ	صٓ	حٰمٓ	يٰسٓ	طٰسٓ
نُوْنْ	قَافْ	صَادْ	حَا مِيْمْ	يَا سِيْنْ	طَا سِيْنْ

عٓسٓقٓ	الٓرٰ	كٓهٰيٰعٓصٓ
عَيْنْ سِيْنْ قَافْ	أَلِفْ لَامْ رَا	كَافْ هَا يَا عَيْنْ صَادْ

الٓمّٓ	طٰسٓمّٓ	الٓمّٓرٰ	الٓمّٓصٓ
أَلِفْ لَامْ مِّيْمْ	طَا سِيْنْ مِّيْمْ	أَلِفْ لَامْ مِّيْمْ رَا	أَلِفْ لَامْ مِّيْمْ صَادْ

اِمَالہ

امالہ کا معنیٰ "جھکانے" کے ہیں۔

قرآن مجید میں ایک ہی جگہ امالہ ہے اور وہ ہے لفظ مجرھا جس میں حرف را کو اس طرح پڑھیں گے جس طرح اردو کے لفظ قطرے کی "را" کو پڑھتے ہیں۔

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (سورۃ ہود ۴۱)

قرآن مجید میں چار کلمات ایسے ہیں جن میں ص پر چھوٹا سا "س" بنا ہوا ہے۔ ان کلمات کو "ص" یا "س" کے تلفظ کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

يَبْصُۜطُ سورۃ البقرۃ (۲۴۵)	بَصْۜطَةً سورۃ الاعراف (۶۹)
بِمُصَۜيْطِرٍ (سورۃ الغاشیۃ)	هُمُ الْمُصَۜيْطِرُوْنَ (سورۃ طور)

نوٹ

(يَبْصُۜطُ)، (بَصْۜطَةً) میں "س" کا تلفظ ادا کرنا ضروری ہے۔

(هُمُ الْمُصَۜيْطِرُوْنَ) میں "س" یا "ص" دونوں کے تلفظ سے پڑھ سکتے ہیں۔

(بِمُصَۜيْطِرٍ) میں حفص کی روایت میں "ص" کے تلفظ سے پڑھنا چاہیے۔

وقف

وقف کے معنی ''ٹھہرنے'' کے ہیں. وقف کی چار اہم علامتیں ہیں: ○ م ج ط
کلمہ کے آخر میں وقف کی علامت ہو تو کلمہ کے آخری حرف کو جزم لگا کر پڑھیں گے۔
زبر ــَ زیر ــِ پیش ــُ دو زبر ــً دو زیر ــٍ دو پیش ــٌ وقف کی صورت میں ''جزم'' سے بدل جائے گی.

رُسُلِ ○	وَالِدَتِكَ ط	اُمُوْرُ م	شَكُوْرٌ ج	عَظِيْمٍ ○
رُسُلْ ○	وَالِدَتِكْ ط	اُمُوْرْ م	شَكُوْرْ ج	عَظِيْمْ ○

کلمہ کے آخر میں دو زبر "الف" کے ساتھ، اسی طرح دو زبر "ی" کے ساتھ ہو تو دو زبر کو الف سے بدل دیں گے اور اُس الف کو ایک زبر کے ساتھ پڑھیں گے اسی کو "مدعوض" کہتے ہیں۔
مدعوض کی مقدار دو حرکت ہے۔

رَقِيْبًا ○ سے رَقِيْبَا ○	ضُحًى ○ سے ضُحَىٰ ○

"ۃ" مُدَوَّرہ وقف کی صورت میں "ہ" سے بدل جائے گا۔

قُوَّةً ○ سے قُوَّهْ ○	نَاعِمَةٌ ○ سے نَاعِمَهْ ○

سکتہ

سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر ٹھہرنے کو "سکتہ" کہتے ہیں.
قرآن مجید میں کل چار سکتات ہیں.

وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا سکتہ قَيِّمًا (کہف:۲۱)	مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا سکتہ هٰذَا (یس:۵۲)
وَقِيْلَ مَنْ سکتہ رَاقٍ (القیامۃ:۲۷)	كَلَّا بَلْ سکتہ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (المطففین:۱۴)

سورة : الفاتحة

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ ١ الرَّحۡمٰنِ

الرَّحِيۡمِ ۙ ٢ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ ٣

اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ ٤

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ ٥ صِرَاطَ

الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ

الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ع ٧

سورة : الإخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ع ﴿٤﴾

سورة : الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ﴿١﴾
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ﴿٢﴾ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ﴿٣﴾ وَمِنْ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۙ ﴿٤﴾ وَمِنْ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع ﴿٥﴾

سورة : الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ
النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ
الْوَسْوَاسِ ۙ ۵ الْخَنَّاسِ ۖۙ﴿۴﴾ الَّذِىْ
يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ع

روزمرہ کی دعائیں

1 قرآن مجید پڑھنے سے پہلے یہ پڑھیں

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

(سورۃ النحل: ۹۸)

2 سونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں

بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ أَمُوْتُ وَ أَحْيَا

(بخاری)

3 سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْٓ أَحْيَانَا

بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ

(بخاری)

4 اچھا خواب دیکھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

(بخاری)

5 بُرا خواب دیکھنے کی دعا

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

(مسلم)

6 بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

(بخاری ومسلم)

7 بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَکَ

(ترمذی، ابوداؤد)

8 گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ

(ترمذی، ابوداؤد)

9 گھر میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

10 کسی چیز کے نقصان ہونے پر یا مصیبت کے وقت کی دعا

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

(مسلم)

11 مسجد میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

(بخاری ومسلم)

12 مسجد سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ إِنِّيْٓ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

(ابوداؤد، مسلم)

13 کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ

(مسلم)

14 کھانا کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْٓ أَطْعَمَنِيْ ھٰذَا
وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

(ابوداؤد، ترمذی)

15 کھانے سے پہلے بسم اللہ بھول جائیں تو یہ دعاء پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ أَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

(ابوداؤد)

16 دودھ پینے کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

(ترمذی)

17 کپڑا پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ

مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ

(ابوداؤد)

18 چھینکنے کی دعا

چھینکنے والا کہے : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

چھینک سننے والا کہے : يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

پھر چھینکنے والا کہے : يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

(بخاری)

19 علم کی زیادتی کے لئے دعا

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

(سورۃ طٰہٰ:۱۱۴)

20 ماں باپ کے لئے دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

(بنی اسرائیل:۲۴)

عقیدہ

س 1	ہمارا دین کیا ہے؟
ج	ہمارا دین دینِ اسلام ہے۔
س 2	ہمارے نبی کون ہیں؟
ج	ہمارے نبی محمد ﷺ ہے۔
س 3	اللہ تعالٰی نے ہمیں کس لئے پیدا کیا؟
ج	اللہ تعالٰی نے ہمیں اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا۔
س 4	عبادت کسے کہتے ہیں؟
ج	عبادت ہر اُس قول و فعل کا نام ہے جس کو اللہ پسند کرتا ہے۔
س 5	اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حقوق کے بعد سب سے پہلا حق کس کا ہے؟
ج	اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حقوق کے بعد سب سے پہلا حق ماں باپ کا ہے۔
س 6	شرک کسے کہتے ہیں؟
ج	اللہ تعالٰی کے سِوا دوسروں کی عبادت کرنے کو شرک کہتے ہیں۔
س 7	مشرک کسے کہتے ہیں؟
ج	جو اللہ کے علاوہ دوسروں کی عبادت کرتا ہے اس کو مُشرک کہتے ہیں۔
س 8	اللہ تعالٰی کہاں ہیں؟
ج	اللہ تعالٰی آسمان پر عرش کے اوپر ہے۔

س 9	کیا اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے؟	
ج	اللہ تعالیٰ دیکھنے اور سننے کے اعتبار سے ہمارے ساتھ ہے۔	
س 10	مُردوں کو پکارنا کیسا ہے؟	
ج	مُردوں کو پکارنا شرک اکبر ہے۔	
س 11	کیا مُردے دعا کو سنتے ہیں؟	
ج	مُردے دعا کو نہیں سنتے ہیں۔	
س 12	اِسلام کا کلمہ کیا ہے؟	
ج	اسلام کا کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے۔	
س 13	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے کیا معنیٰ ہیں؟	
ج	اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔	
س 14	اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر قائم ہے؟	
ج	اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر قائم ہے۔	
س 15	اسلام کی وہ پانچ بنیادیں کیا ہیں؟	
ج	اسلام کی وہ پانچ بنیادیں یہ ہیں:	
	۱۔ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی گواہی دینا۔ ۲۔ نماز پڑھنا۔ ۳۔ زکوٰۃ دینا۔ ۴۔ رمضان کے روزے رکھنا۔ ۵۔ اگر استطاعت ہو تو حج کرنا۔	

سیرت رسول ﷺ

س 1	ہمارے رسول ﷺ کا نام کیا ہے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کا نام محمد ﷺ ہے اور دوسرا نام اَحمد بھی ہے۔
س 2	ہمارے رسول ﷺ کے والِد کا نام کیا ہے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کے والد کا نام عبداللہ ہے۔
س 3	ہمارے رسول ﷺ کی والدہ کا نام کیا ہے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کی والدہ کا نام آمنہ ہے۔
س 4	ہمارے رسول ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کے دادا کا نام عبدالمطلب ہے۔
س 5	ہمارے رسول ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ ۹ ربیع الاوّل یعنی ۲۰ اپریل ۵۷۱ء پیر کے دن مکہ میں پیدا ہوئے۔
س 6	ہمارے رسول ﷺ کا نام کس نے رکھا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کا نام آپ کے دادا عبدالمطلب نے رکھا۔
س 7	ہمارے رسول ﷺ کے والد کا انتقال کب ہوا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کے پیدا ہونے سے پہلے آپ کے والد کا انتقال ہوا۔

س 8	ہمارے رسول ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟
ج	والدہ کے انتقال کے وقت ہمارے رسول ﷺ کی عمر چھ سال تھی۔
س 9	ہمارے رسول ﷺ کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کو سب سے پہلے ثویبہ نے دودھ پلایا۔
س 10	ثویبہ کے بعد ہمارے رسول ﷺ کو دودھ پلانے اور تربیت کی ذمہ داری کس نے سنبھالی؟
ج	ثویبہ کے بعد ہمارے رسول ﷺ کو دودھ پلانے اور تربیت کی ذمہ داری حلیمہ سعدیہ نے سنبھالی۔
س 11	ہمارے رسول ﷺ کے دادا کے انتقال کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کی دادا کیانتقال کے وقت آپ کی عمر آٹھ سال تھی۔
س 12	ہمارے رسول ﷺ کے دادا کے انتقال کے بعد پرورش کی ذمہ داری کس نے سنبھالی؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کے دادا کے انتقال کے بعد پرورش کی ذمہ داری آپ کی چچا ابو طالب نے سنبھالی.
س 13	ہمارے رسول ﷺ نے بڑے ہونے کے بعد کون سا پیشہ اختیار کیا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ نے بڑے ہونے کے بعد تجارت کا پیشہ اختیار کیا۔
س 14	قریش ہمارے رسول ﷺ کو اپنی تجارت میں کیوں شریک کرتے تھے؟
ج	قریش ہمارے رسول ﷺ کو اپنی تجارت میں اس لئے شریک کرتے تھے کیونکہ آپ ﷺ امانت داری اور دیانت داری میں مشہور تھے۔

س 15	مکہ میں وہ کونسی عورت تھی جو بیوہ، عقل منداور مالدار تھی؟
ج	خدیجہ رضی اللہ عنہا۔
س 16	خدیجہ رضی اللہ عنہا کا پیشہ کیا تھا؟
ج	خدیجہ رضی اللہ عنہا تجارت کا سامان کسی امانت دار شخص کو سونپ کر یمن بھیجا کرتی تھیں۔
س 17	ہمارے رسول ﷺ کا نکاح سب سے پہلے کس سے ہوا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کا نکاح سب سے پہلے خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوا۔
س 18	ہمارے رسول ﷺ کی عمر نکاح کے وقت کیا تھی؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کی عمر نکاح کے وقت ۲۵ سال تھی۔
س 19	خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر نکاح کے وقت کیا تھی؟
ج	خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر نکاح کے وقت ۴۰ سال تھی۔
س 20	کیا عرب میں لوگوں کو امن حاصل تھا؟
ج	عرب میں لوگوں کو امن حاصل نہیں تھا بلکہ راستے خطرناک تھے، مسافر لٹ جایا کرتے تھے ، غریبوں پر ظلم ہوتا تھا۔
س 21	خرابیوں کو دور کرنے کے لئے مکہ کے نوجوانوں نے کیا بنائی؟
ج	خرابیوں کو دور کرنے کے لئے مکہ کے نوجوانوں نے ایک انجمن بنائی۔
س 22	اس انجمن کا کیا نام تھا؟
ج	اس انجمن کا نام حلف الفضول تھا۔

س 23	کیا اس انجمن میں ہمارے رسول ﷺ بھی شریک تھے؟
ج	جی ہاں! اس انجمن میں ہمارے رسول ﷺ بھی شریک تھے۔
س 24	غارِ حرا مکہ سے کتنی دور ہے؟
ج	غارِ حرا مکہ سے تین میل دور ہے۔
س 25	سب سے پہلے اللہ کا پیغام کہاں آیا؟
ج	سب سے پہلے اللہ کا پیغام غارِ حرا میں آیا۔
س 26	ہمارے رسول ﷺ غارِ حرا میں کیا کرتے تھے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ غارِ حرا میں عبادت کرتے تھے۔
س 27	ہمارے رسول ﷺ کے پاس اللہ کا پیغام لے کر کون آئے تھے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کے پاس اللہ کا پیغام جبرئیل علیہ السلام لے کر آئے تھے۔
س 28	جبرئیل علیہ السلام نے ہمارے رسول ﷺ کو کیا خوشخبری سنائی؟
ج	جبرئیل علیہ السلام نے ہمارے رسول ﷺ کو یہ خوشخبری سنائی کہ اللہ نے آپ کو رسول اور پیغمبر بنایا۔
س 29	ہمارے رسول ﷺ کو نبوت کب ملی؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کو نبوت ۴۰ سال کی عمر میں ملی۔
س 30	کیا ہمارے رسول ﷺ لکھنا پڑھنا جانتے تھے؟
ج	ہمارے رسول ﷺ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔
س 31	نبوت ملنے کے بعد ہمارے رسول ﷺ نے لوگوں کو کیا دعوت دی؟
ج	نبوت ملنے کے بعد ہمارے رسول ﷺ نے کہا: ایک اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔

س 32	ہمارے رسول ﷺ نے لوگوں کو کس چیز سے ڈرایا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ نے لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرایا۔
س 33	مکہ والوں نے ہمارے رسول ﷺ کی باتیں سن کر کیا کیا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھیوں کو ستانا شروع کیا۔
س 34	عورتوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
ج	عورتوں میں سب سے پہلے خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا۔
س 35	بچوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
ج	بچوں میں سب سے پہلے علی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔
س 36	غلاموں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
ج	غلاموں میں سب سے پہلے زید رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔
س 37	بڑوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟
ج	بڑوں میں سب سے پہلے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔
س 38	ہمارے رسول ﷺ نے مکہ میں کتنے سال دعوت کا کام کیا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ نے مکہ میں تیرہ سال دعوت کا کام کیا۔
س 39	ہمارے رسول ﷺ نے مدینہ میں کتنے سال دعوت کا کام کیا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ نے مدینہ میں دس سال دعوت کا کام کیا۔
س 40	ہمارے رسول ﷺ کا انتقال کتنے سال کی عمر میں ہوا؟
ج	ہمارے رسول ﷺ کا انتقال ترسٹھ سال کی عمر میں ہوا۔

تجوید

س 1 ج	حروف تہجی کسے کہتے ہیں؟ ا ب ت ث سے ی تک کے تمام حروف کو حروف تہجی کہتے ہیں۔
س 2 ج	حروف تہجی کل کتنے ہیں؟ کل ۲۸ ہیں۔
س 3 ج	مفردات کسے کہتے ہیں؟ الگ الگ حرفوں کو مفرادات کہتے ہیں جیسے: ا، ب، ت، ث، ج، ح، خ۔
س 4 ج	مرکب کسے کہتے ہیں؟ ملے ہوئے حروف کو مرکب کہتے ہیں جیسے: جل، بن، تن، باوغیرہ۔
س 5 ج	حرکت کسے کہتے ہیں؟ زبر ـَ زیر ـِ پیش ـُ کو حرکت کہتے ہیں۔
س 6 ج	کسی حرف پر حرکت ہو تو کیسے پڑھیں گے؟ حرکت کو بغیر کھینچے ہوئے پڑھیں گے جیسے: بَ بِ بُ
س 7 ج	زیر ـِ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ زیر ـِ کو عربی میں ''کسرۃ'' کہتے ہیں۔
س 8 ج	زبر ـَ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ زبر ـَ کو عربی میں ''فتحہ'' کہتے ہیں۔
س 9 ج	پیش ـُ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ پیش ـُ کو عربی میں ''ضمہ'' کہتے ہیں۔

س	10	جزم ـْـ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟
ج		جزم ـْـ کو عربی میں سُکُون کہتے ہیں۔
س	11	جس حرف پر جزم ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟
ج		جس حرف پر جزم ہو اس کو "حرف ساکن" کہتے ہیں۔
س	12	دو زبر ـً دو زیر ـٍ دو پیش ـٌ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟
ج		دو زبر ـً دو زیر ـٍ دو پیش ـٌ کو "تنوین" کہتے ہیں۔
س	13	کھڑا زبر ـٰ کھڑا زیر ـٖ اور الٹا پیش ـٗ کس کس حرف کے برابر ہے؟
ج		کھڑا زبر الف (ا) کے برابر ہے۔ کھڑا زیر یاء (ی) کے برابر ہے۔ الٹا پیش واو (و) کے برابر ہے۔
س	14	کھڑا زبر ـٰ کھڑا زیر ـٖ اور الٹا پیش ـٗ کے پڑھنے کی مقدار کیا ہے؟
ج		ایک الف کے برابر یعنی دو حرکت کے برابر ہے جیسے : **بَا، بُو، بِی**۔
س	15	تشدید کیا ہے؟
ج		ایک علامت ہے اور وہ علامت یہ (ـّـ) ہے۔
س	16	جس حرف پر تشد (ـّـ) ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟
ج		جس حرف پر تشد ہو اس کو مُشَدَّد کہتے ہیں جیسے: **اَبَّ، جَبَّ**۔
س	17	مد کے کیا معنی ہیں؟
ج		مد کے معنی کھینچنے کے ہیں۔

س 18	عربی میں حروف مد کتنے اور کیا کیا ہیں؟
ج	عربی میں حروف مد تین ہیں ا، و، ی ۔
س 19	مد کا کیا مطلب ہے؟
ج	الف، واو اور یا کی آواز کو ایک الف یعنی دو زبر کے برابر کھینچنا۔
س 20	"ر" پر زبر یا پیش ہو تو "ر" کو کیسے پڑھیں گے؟
ج	"ر" کو پُر پڑھیں گے جیسے: رَبَّنَا۔ رُزِقُوا۔
س 21	"ر" سے پہلے زبر اور پیش ہو تو "ر" کو کیسے پڑھیں گے؟
ج	"ر" کو پڑھیں گے جیسے: بَرْقٌ بُرْهَانٌ۔
س 22	"ر" پر زیر ہو تو "ر" کو کیسے پڑھیں گے؟
ج	"ر" کو باریک پڑھیں گے: رِزْقاً۔ قَرِيْبٌ۔
س 23	اَللّٰہُ کے لام کو کیا کہتے ہیں؟
ج	اَللّٰہُ کے لام کو "لامِ جلالہ" کہتے ہیں۔
س 24	اَللّٰہُ کے لام سے پہلے زبر یا پیش ہو تو اَللّٰہُ کے لام کو کیسے پڑھیں گے؟
ج	پُر یعنی لام جلالہ کو منہ بھر کے پڑھیں گے جیسے: اِنَّ اللّٰہَ۔ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔
س 25	اَللّٰہُ کے لام کو باریک کب پڑھیں گے؟
ج	اَللّٰہُ کے لام سے پہلے زیر ہو تو لام کو باریک پڑھیں گے جیسے: بِسْمِ اللّٰہِ۔

فہرست

رب اشرح لي صدري ويسر لي امري



ھدایات برائے مدرسین

۱ - بچہ کو آسان قاعدہ سے حسب صلاحیت سبق دیا جائے۔

۲ - ہر سبق کے شروع میں جو پڑھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے اسی کے مطابق پڑھایا جائے۔

۳ - قاعدہ پڑھاتے وقت تجوید کے قواعد سے متعارف کرایا جائے جو قاعدے کے آخر میں درج ہیں۔

۴ - حروف تہجی پڑھاتے وقت مخارج حروف کا خاص خیال رکھا جائے تا کہ بچہ کو معلوم ہو کہ کون سا حرف کس جگہ سے نکلتا ہے۔

۵ - قاعدہ کے آخری صفحات میں دعائیں، عقیدہ، سیرت اور تجوید پر مختصر سوال و جواب ہیں انہیں ایک ہفتہ میں حسب ذیل طریقہ سے یاد کرانے کی کوشش کریں۔

* ایک دعا۔
* عقیدہ کا ایک سوال و جواب۔
* سیرت النبی ﷺ کا ایک سوال و جواب۔
* تجوید کا ایک سوال و جواب۔







نو نہا لوں کے لئے ایک انمول اور علمی تحفہ









حروف کے مخارج

مخارج، "مخرج" کی جمع ہے۔ مخرج کے معنی "نکلنے" کی جگہ کے ہیں۔
قرآن مجید پڑھنے اور پڑھانے والے پر ضروری ہے کی وہ ہر حروف کے نکلنے کی جگہ کو پہچانے۔
لہٰذا درج ذیل تصاویر میں حروف کے نکلنے کی جگہوں کو بتایا گیا ہے۔

